**25-11-2024**
**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**
**(Music)**
**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ**
**پہلے اِس وقت کی اہم خبریں**

---

1 پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس آج شروع ہوگا۔ حکومت نے کہا ہے کہ وہ 26 دن کے اِس اجلاس کے دوران کسی بھی معاملے پر بحث مباحثے کیلئے تیار ہے۔

2 وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں، امداد باہمی اداروں کی عالمی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

3 وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، اٹلی کو ایک کلیدی شراکت دار کے طور پر دیکھتا ہے، جو یوروپ میں اُس کا ایک اہم اتحادی ہے اور بحیرہٗ روم خطے میں ایک بہت ہی بااثر ملک ہے۔

4 RBI نے کہا ہے کہ UPI کو بین الاقوامی سطح پر تیزی سے مقبولیت حاصل ہورہی ہے، جیسا کہ بھارت یکسر تبدیلی لانے والی ڈیجیٹل ٹکنالوجی کو فروغ دینے میں ایک عالمی رہنما کے طور پر اُبھرا ہے۔

5 اور سعودی عرب کے شہر جدہ میں IPL کی پہلے دن کی نیلامی میں رِشبھ پنت اور شرے یاس آیّر کی ریکارڈ بولی لگی ہے۔

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**Parliament - Winter Session**

پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس آج شروع ہوگا۔ 26 دن کے اِس اجلاس میں 19 نشستیں ہوں گی۔ البتہ 26 نومبر کو یوم آئین کی تقریب کی وجہ سے پارلیمنٹ کی نشست نہیں ہوگی۔ یوم آئین کی اصل تقریب، سنوِدھان سدن کے مرکزی ہال میں منعقد کی جائے گی، جہاں آئین، 26 نومبر 1949 کو نافذ ہوا تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس اگلے مہینے کی 20 تاریخ تک جاری رہے گا، جس کے دوران 16 بِل پیش کئے جائیں گے۔ اِن بِلوں میں بھارتیہ وایویان وِدھییک 2024، قدرتی آفات سے نمٹنے کا ترمیمی بِل 2024، ریلوے کا ترمیمی بِل، وقف ترمیمی بِل اور انڈین پورٹس بِل 2024 شامل ہے۔ اِس کے علاوہ بسال 2024-25 کیلئے ضمنی مطالبات زر پر مباحثہ اور ووٹنگ بھی ہوگی۔*

*آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شبانہ رحمن۔*

*کَل حکومت نے، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی خوش اسلوبی سے جاری رہنے کو یقینی بنانے کیلئے ایک کُل پارٹی میٹنگ منعقد کی تھی۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجیو نے کہا کہ حکومت، پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے دوران، کسی بھی معاملے پر بحث مباحثے کیلئے تیار ہے۔ جناب رجیجیو نے اپوزیشن پارٹیوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اجلاس کے دوران، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی، خوش اسلوبی سے جاری رکھنے میں تعاون کریں۔*

جناب رجیجیو نے کہا کہ میٹنگ میں شریک 30 پارٹیوں کے کُل 42 رہنماؤں نے شرکت کی اور ہر پارٹی لیڈر نے کوئی نہ کوئی مشورہ دیا۔×

**LS Speaker Intervies**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اراکین پارلیمنٹ پر زور دیا ہے کہ وہ آئین ساز اسمبلی کے بحث و مباحثے اور بات چیت سے تحریک حاصل کرتے ہوئے ایوان میں پارلیمنٹ کے وقار کی پاسداری کریں۔

آکاشوانی نیوز کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں جناب برلا نے اس امید کا اظہار کیا کہ مثبت اور تعمیری بحث و مباحثے کی روایت کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انھوں نے اراکین پارلیمنٹ سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ میں وقارکے اعلیٰ معیار کو قائم کریں۔

ریزرویشن کے معاملے پر ایک سوال کے جواب میں جناب برلا نے کہا کہ سیاسی جماعتیں اِس معاملے پر الزامات اور دَر الزامات عائد کر سکتی ہیں لیکن کسی بھی حکومت نے کوٹے کی سہولت کے ساتھ کبھی چھیڑ چھاڑ کرنے کی کوشش نہیں کی ہے۔

انھوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی ہمیشہ اِس بات پر قائم رہے ہیں کہ سماج کے محروم اور غریب طبقوں کے لیے ریزرویشن اَب بھی ضروری ہے۔

یوم آئین سے پہلے جو کَل منایا جائے گا، جناب برلا نے کچھ حلقوں کی جانب سے کیے گئے اِن دعووں کو مسترد کردیا کہ آئین خطرے میں ہے۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ آئین کا تعلق ملک کے لوگوں سے ہے اور سماج کے ہر طبقے کا اِس میں یقین ہے۔ انھوں نے کہا کہ آئین کو سیاسی تنگ نظری سے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔

یہ پورا انٹرویو سو اعشاریہ ایک، ایف۔ایم گولڈ پر آج شام سات بج کر 10 منٹ پر آکاشوانی نیوز کے سرخیوں میں پروگرام کے تحت سنا جا سکتا ہے۔x

## PM cooperative Conference

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں، امداد باہمی کی ICA کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ امداد باہمی کے بین الاقوامی اتحاد ICA کی 130 سال کی تاریخ میں ایسا پہلی بار ہے کہ بھارت میں، امداد باہمی کی کسی عالمی کانفرنس اور جنرل اسمبلی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اِس دوران جناب مودی، امداد باہمی اداروں کے بین الاقوامی سال 2024-25 کے موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ جاری کریں گے۔

بھوٹان کے وزیر اعظم داشو شیرِنگ توبگے اور فجی کے نائب وزیر اعظم موناؤ کامی کامیکا بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ ہمارے نامہ نگارے نے بتایا ہے کہ عالمی کانفرنس کی میزبانی، اِنڈین فارمرس فرٹیلائزر کوآپریٹیو لمیٹیڈ، ICA اور بھارتی حکومت، بھارت کے امداد باہمی کے اداروں AMUL اور KRIBHCO کے ساتھ مل کر کررہا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*امداد باہمی کے بین الاقوامی اتحاد کی بنیاد 1895 میں رکھی گئی تھی۔ یہ اتحاد، عالمی سطح پر امداد باہمی کے 30 لاکھ اداروں کی نمائندگی کرتا ہے اور یہ ادارہ، امداد باہمی کے ایک ارب سے زیادہ ارکان پر مشتمل ہے۔ بھارت منڈپم میں اِس 6 روزہ کانفرنس میں بہت سی تقریبات اور بحث مباحثے کیلئے پوری دنیا کے امداد باہمی کے ادارے یکجا ہوں گے۔ امید ہے کہ اس تقریب میں لگ بھگ 3 ہزار غیر ملکی اور بھارتی وفود شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں سبھی کیلئے ایک اجتماعی، پُر امن اور خوشحال مستقبل کی تعمیر میں امداد باہمی کے*

*اداروں کے رول پر غور و خوض کیا جائے گا۔ کانفرنس کا موضوع ہے ”امداد باہمی کے ادارے سبھی کیلئے خوشحالی لاتے ہیں“۔*

*دیپیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں توحید حقانی۔*

## Maharashtra Govt Formation

مہاراشٹر میں BJP کی قیادت والے مہایوتی کی بڑے پیمانے پر کامیابی کے بعد ریاست میں حکومت تشکیل دینے کے لیے گفت و شنید کا سلسلہ شدید طور پر جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کو شیو سینا قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں کَل رات ممبئی میں ایک میٹنگ میں پارٹی کے سبھی نومنتخبہ 57، MLAs نے ایک قرارداد منظور کی ہے۔ نیشنلسٹ کانگریس پارٹی نے قانون ساز پارٹی کے رہنما کے طور پر اجیت پوار کو اپنا صدر منتخب کیا ہے، اُن کا آج مستقبل کے لائحہ عمل پر تبادلۂ خیال کے لیے دلی کا دورہ کیے جانے کا امکان ہے۔x

## Jaishankar Italy Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، اٹلی کو ہمیشہ ایک کلیدی شراکت دار کے طور پر دیکھتا ہے، جو یوروپ میں اُس کا ایک اہم اتحادی ہے اور بحیرۂ روم کے خطے میں ایک بہت ہی بااثر ملک ہے۔ روم میں بھارتی سفارتخانے کی نئی چانسری کا افتتاح کرتے ہوئے ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مختلف سطحوں پر اکثر و بیشتر بات چیت کا سلسلہ دونوں ملکوں کے باہمی رشتوں میں گہرائی اور وسعت کی نشانی ہے۔

بھارت-مشرقِ وسطیٰ-یوروپ کے درمیان، مجوزہ اقتصادی راہداری کا ذکر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ یہ راہداری یوروپ اور ایشیا کے درمیان، ایک بساط بدل دینے والی راہداری کا رول ادا کرے گی۔x

## Vaishnaw Railway Employees

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو آج صبح مہاراشٹر ناگپور میں Ajani ریلوے گراؤنڈ پر درجِ فہرست ذاتوں اور قبائل SC / ST کی ریلوے ملازمین سے متعلق ایسوسی ایشن کے قومی کنوینشن سے خطاب کریں گے۔ کووڈ 19 وبا کی وجہ سے اِس تنظیم کا قومی کنویشن اور سالانہ جنرل میٹنگ گذشتہ پانچ برسوں سے منعقد نہیں کی جا

سکی تھی۔ لہٰذا ایسوسی ایشن نے اِس سال ناگپور میں قومی کنوینشن کو آئین کے دن کے پس منظر میں بڑے پیمانے پر منعقد کیے جانے کا فیصلہ کیا ہے، جو کَل 26 نومبر کو منعقد ہوگا۔

SC / STکی ریلوے ملازمین کی ایسوسی ایشن کے ڈویژنل صدر ایم۔چندرموہن نے بتایا ہے کہ توقع ہے کہ ملک بھر کے تقریباً 30 ہزار ایسوسی ایشن ممبران اِس دو روزہ کنویشن میں شرکت کریں گے۔x

**RBI UPI**

بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے کہا ہے کہ یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس UPI کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے، جیسا کہ بھارت، یکسر تبدیلی کیلئے اپنی ڈیجیٹل ٹکنالوجی میں اضافہ کرتے ہوئے عالمی سطح پر ایک رہنما ملک کے طور پر اُبھرا ہے۔ UPI نے اکتوبر کے مہینے میں 16 ارب 60 کروڑ لین دین کرکے ایک سنگِ میل طے کیا ہے۔ UPI کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوا ہے، جن میں قرضوں کی کامیاب فوری واپسی 86 فیصدہے۔

RBI کے ڈپٹی گورنر مائیکل دیب برت پاترا نے کہا کہ بھارت کا UPI ایک کھُلا نظام ہے، جس سے کئی بینک کھاتوں کو کسی بھی متعلقہ بینک کے، ایک واحد موبائل ایپ میں یکجا کیا جاسکتا ہے اور جس سے بینکوں کے مابین فرد سے فرد، اور فرد سے تاجر کے درمیان رقم کا لین دین بلا رکاوٹ کیا جاسکتا ہے۔

جناب پاترا کے مطابق، اکاؤنٹ ایگریگیٹر، OCEN اور ONDC میں، مالی خدمات جیسی، قرضوں کے ڈیجیٹل منظرنامے میں اختراعات سے بھی، پیداواریت میں اضافہ ہوا ہے۔ تقریباً 40 فیصد دیہی آبادی اورمجموعی آبادی میں 20 سے 30 سال کی عمر والے 78 فیصد لوگ، بھارت میں انٹرنیٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ تقریباً ایک تہائی لوگ، گھریلو اشیاء اور خدمات کیلئے رقم کی ادائیگی آن لائن کرتے ہیں۔ ایک چوتھائی لوگ، صارفین کی پائیدار اشیاء آن لائن خریدتے ہیں اور خوردنی اشیاء کی خریداری، اِس آبادی کا تقریباً 10واں حصہ کرتا ہے۔x

**IFFI**

اب جبکہ بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا تقریباً نصف حصہ مکمل ہوگیا ہے، آج پانچویں روز مختلف زبانوں اور موضوعات کی 75 سے زیادہ فلموں کی نمائش کی جائے گی۔ Creative Minds of Tomorrow Challenge اور فلم بازار کے اختتام کے ساتھ اب توجہ ماسٹر کلاسز اور پینل مباحثوں پر مبذول ہوگی، جس کے

تعلق سے پورے دن اجلاس ہوں گے۔Left Unsaid and Manjummel Boys کے پریمیئرس کی بڑی تقریب ہوگی۔ کَلا اکادمی میں جہاں تفصیلی بحث و مباحثے کیے جائیں، جس میں آنند گاندھی، کیرتی Sanon اور Philip Noyce، شامل ہوں گے۔

*فلم فیسٹول میں آج آنند گاندھی، کیرتی شینن اور فلپ* ***Nayce*** *جیسی مشہور شخصیات مباحثے میں حصہ لیں گی۔ فیسٹول کے ڈائرکٹر شیکھر کپور، پرگیہ مشرا اور آنند گاندھی سے ”کیا مصنوعی ذہانت فلم بنانے کو ہمیشہ کیلئے بدل دیں گی“ کے موضوع پر بات کریں گے۔ آسٹریلیائی ڈائرکٹر فلپ نوئس ”نئے ہالی ووڈ میں کامیاب کیسے ہوں“ کے موضوع پر گفتگو کریں گے۔ شام میں کیرتی شینن ’سنیما میں خواتین کی بڑھتی ہوئی اہمیت‘ کے حوالے سے ایک سیشن میں حصہ لیں گی۔*

*درگیش بھدوریہ اور امیش اُپادھیائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں توحید حقانی۔*

## Ab Koi Bahan Nahi Campaign

حکومت آج نئی دلّی میں ایک قومی مہم’اب کوئی بہانہ نہیں‘،کا آغاز کرے گی۔ اس مہم کا مقصد سرکاری، حکومتی اور متعلقہ فریقوں سے یہ کہنا ہے کہ وہ صنف پر مبنی تشدد کو ختم کرنے کیلئے عملی کارروائی کے اقدامات کریں۔ خواتین اور بچوں کی بہبود اور دیہی ترقی کی وزارت کی اقوام متحدہ خواتین کی مدد کے ساتھ یہ ایک مشترکہ کوشش ہے۔ مہم کے دوران سبھی متعلقہ فریقوں سے جوابدہی کی ضرورت کو دِکھانے کیلئے ’اب کوئی بہانہ نہیں‘ فلم بھی ریلیز کی جائے گی، جس میں ہر شہری کا صنف پر مبنی تشدد کو ختم کرنے کے خلاف عہد لیا جانا شامل ہے۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیاتIMD نے اگلے دو روز کے دوران تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل میں دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔IMD کے مطابق انڈومان نکوبار جزائر میں اس ہفتے ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے اگلے تین روز کے دوران رات اور صبح کے وقت میں ہماچل پردیش کے دور دراز کے علاقوں میں گھنے کہرے کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ دلی اور NCR میں اگلے دو روز کے دوران، صبح کے وقت میں دھنواں اور دھند اور ہلکے سے اوسط کہرے کے حالات جبکہ رات کے وقت میں ہلکے کہرے کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

## Delhi Pollution

قومی راجدھانی میں ہوا کی کوالٹی قدرے کچھ بہتر درج کی گئی ہے اور آج صبح یہ خراب کے زمرے میں ریکارڈ کی گئی۔ شہر کا ہوا کے معیار سے متعلق اشاریہ AQI آج صبح چھ بجے 278 ریکارڈ کی گیا۔

آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں AQI کی سطح تین سے تجاوز کر گئی۔ دلی کے شادی پور اسٹیشن کا AQI، 346، آنند وہارکی 334، وزیرپور کا 327، سونیا وہار کا 326، وویک وہار کا321، بوانا 320، جبکہ پنجابی باغ کا 316 درج کیا گیا۔

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے دلی اور NCR میں صبح کے وقت میں دھنواں اور دھند کی ہلکی پرت اور کہرے کے اوسط حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے جبکہ رات میں ہلکے کہرے کے حالات رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

## Round Up on Sport

اب کچھ خبریں کھیلوں سے:

انڈین پریمئر لیگ IPL 2025کے پہلے دن کل سعودی عرب کے جدہ کے عبدی الجوہر ایرینا میں ہوئی نیلامی میں رشبھ پنت اور شریاس کی سب سے مہنگی بولی لگی اور وہ دونوں IPL کی تاریخ کے سب سے قیمتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ لکھنو سپر جائنٹس نے تاریخ رقم کرتے ہوئے وکٹ کیپر بلے باز رشبھ پنت کو 27 کروڑ میں خریدا۔ پنجاب کنگس نے سریش ائر کو 26 کروڑ 75لاکھ میں جبکہ یزویندر چہل، ارشدیپ سنگھ کو 18-18 کروڑ میں خریدا۔ کولکاتا نائٹ نائڈرس نے 23 کروڑ 75 لاکھ کی بولی لگاکر وینکٹیش ائر کو حاصل کیا۔

نارتھایسٹ یونائٹڈ فٹبال کلب نے کل گینگ ٹوک کے اسٹیڈیم میں 407 ویں آل انڈیا گورنرس گولڈ کپ کا بین الاقوامی فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ جیت لیا ہے۔

ایک بے حد دلچسپ مقابلے میں نورتھ ایسٹ FC نے گینگ ٹوک ہمالین اسپورٹ کلب کو ٹائی بریکر میں شکست دی۔

گورنر اوم پرکاس ماتھر مہمان خصوصی کے طورپر موجود تھے اور ان کے ساتھ وزیراعلیٰ پی ایس تمانگ بھی موجود تھے۔

انڈین سپر لیگ ISL میں کل کوچی کے جواہر لعل نہرو اسٹیڈیم میں کیرالہ بلاسٹر FC نے چنئی FC کو تین صفر سے ہرا دیا۔ آج حیدرآباد FC کا مقابلہ اڈیشہ FC سے ہوگا۔

پرو کبڈی لیگ میں پُنیری پلٹن نے بنگال واریئر کو 34 کے مقابلے 51 سے ہرا دیا۔ اس جیت کے ساتھ پُنیری پلٹن فہرست میں تیسرے مقام پر پہنچ گئی ہے۔ ایک دوسرے مقابلے میں یو پی یودھاز نے Patna Pirates کو ایک دلچسپ مقابلے میں 42 کے مقابلے 44 سے ہرا دیا۔ آج پُنیری پلٹن کا مقابلہ جے پور لنک پنتھر سے رات آٹھ بجے ہوگا۔

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''ڈیجیٹل لائف سرٹیفیکٹس'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، پنشن اور پنشن یافتگان کی بہبود کے محکمے کے جوائنٹ سکریٹری Dhrubajyoti Sengupta، اِنڈیا پوسٹ پیمنٹس بینک کے ایم ڈی اور سی ای او R. Viswesvaran اور اِنڈیا پوسٹ پیمنٹس بینک میں CGM اور چیف سیلز مارکیٹنگ افسر گُر شرن رائے بنسل کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔x

## Vaishnaw Sabarmati Report Movie

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کَل نئی دلّی میں ایک فلم ”سابرمتی رپورٹ“ دیکھی۔ یہ فلم 2002 میں گجرات کے، گودھرا اسٹیشن کے قریب، سابرمتی ایکسپریس ٹرین کے ایک ڈبّے میں آگ زنی کے واقعے پر مبنی ہے۔

جمعہ کو فلم کی ٹیم نے، وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقات کی تھی۔ جناب شاہ نے ٹیم کو سچائی بیان کرنے پر مبارکباد دی۔ انھوں نے کہا کہ یہ فلم، سچائی کو سامنے لانے کیلئے جھوٹ اور گمراہ کن حقائق کو آشکارا کرتی ہے، جسے سیاسی مفادات کی خاطر ایک طویل عرصے تک چھپایا گیا۔x

## Australia Perth

کرکٹ میں آسٹریلیا کے پرتھ میں بارڈر - گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن آسٹریلیا نے تازہ جانکاری ملنے تک 45 رن بنالئے ہیں۔

آسٹریلیا نے صبح اپنی دوسری اننگس میں کل کے اسکور 12 رن پر تین وکٹ سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت کے تیز گیند باز جسپریت بمراہ نے دو جبکہ محمد سراج نے ایک وکٹ حاصل کرلیا تھا۔

اِس سے پہلے بھارت نے وراٹ کوہلی اور یشسوی جیسوال کی سنچری کی مدد سے 6 وکٹ کے نقصان پر 487 رن پر پاری ختم کردی تھی اور آسٹریلیا کو 534 رن کا ہدف دیا تھا۔

<u>یہ تھی خبریں۔</u>

## <u>PRESS COMMENTS</u>

<u>اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: شبانہ رحمن</u>

<u>شکریہ - اسلم</u>

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے کل من کی بات کے 116 پروگرام سے خطاب کی خبر کو اولیت دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے جناب مودی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بچے لائبریری سے منسلک ہوں، نئی ٹیکنالوجی سیکھیں، ریاست کا تحفظ کریں۔ جبکہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم کا یہ بیان پیش کیا ہے کہ ایک پیڑ ماں کے نام مہم

میں پانچ مہینے کے اندر سو کروڑ سے زیادہ درخت لگائے گئے اور صفائی کے تئیں ہم وطنوں میں ذمہ داری کا احساس پیدا ہوا۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور راشٹریہ سہارا سمیت کئی اخباروں نے پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس آج سے شروع ہونے کی خبر کو سرخی بنایا ہے، ساتھ ہی مرکزی حکومت نے اتوار کو کُل جماعتی میٹنگ بلانے کی خبر کو سرخی بنایا ہے، جس میں سرمائی اجلاس کو خوش اسلوبی سے چلانے کے لیے پارٹیوں کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رِجیجو کا یہ بیان کئی اخباروں میں ہے کہ حکومت پارلیمنٹ میں اڈانی اور منی پور سمیت ہر موضوع پر بحث کے لئے تیار ہے۔

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی کے نیپال کے دورے سے فوجی تعاون کا آغاز۔ اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ ساتھ ہی اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے کہ بین الاقوامی تجارتی میلے میں بہار پویلین توجہ کا مرکز بنا۔

ہیمنت سورین 28 نومبر کو چوتھی مرتبہ جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ کا حلف لیں گے۔ یہ خبر بھی ہندوستان ایکسپریس کے پہلے صفحے پر ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی اندرونی صفحے پر یہ خبر بھی نمایاں ہے کہ 48 خصوصی ٹرین خدمات اب باقاعدہ ٹرین نمبروں کے ساتھ چلیں گی۔

* * *

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1. پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس آج شروع ہوگا۔ حکومت نے کہا ہے کہ وہ 26 دن کے اِس اجلاس کے دوران کسی بھی معاملے پر بحث مباحثے کیلئے تیار ہے۔
2. وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں، امداد باہمی اداروں کی عالمی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔
3. وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، اٹلی کو ایک کلیدی شراکت دار کے طور پر دیکھتا ہے، جو یوروپ میں اُس کا ایک اہم اتحادی ہے اور بحیرہئ روم خطے میں ایک بہت ہی بااثر ملک ہے۔
4. RBI نے کہا ہے کہ UPI کو بین الاقوامی سطح پر تیزی سے مقبولیت حاصل ہورہی ہے، جیسا کہ بھارت یکسر تبدیلی لانے والی ڈیجیٹل ٹکنالوجی کو فروغ دینے میں ایک عالمی رہنما کے طور پر اُبھرا ہے۔

5 اور سعودی عرب کے شہر جدہ میں IPL کی پہلے دن کی نیلامی میں رِشبھ پنت اور شرے یاس اَیّر کی ریکارڈ بولی لگی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------